مقرر فرمایا۔ آپ نے ۱۹۶۲ء میں ایوب خان کے خلاف تحریک میں بھر پور حصہ لیا۔ تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء اور ۱۹۸۴ء میں قائدانہ کردار ادا کیا۔ وہ خشک صوفی نہ تھے۔ جید عالمِ دین اور وسیع المطالعہ تھے۔ انہوں نے خطبۂ جمعہ اور شب جمعہ کی مجلس ذکر میں بیان کو بڑے اہتمام سے جاری رکھا۔ انہیں کوئی شائع کر دے تو بہتوں کا بھلا ہوگا۔ ۱۹۵۳ء میں اپنے والد گرامی شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے ایما پر ہفت روزہ ''خدام الدین'' جاری کیا جو تادم زیست جاری رہا۔ عملی زندگی میں سیاسی اور تحریکی سرگرمیوں میں بھر پور حصہ لیا۔ آپ کے قول اور فعل میں تضاد نہ تھا۔ میدان سیاست میں بھی آپ حق گوئی اور بے باکی کا مظہر تھے۔ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی نے اپنے مرشد مولانا سید جاوید حسین شاہ صاحب مدظلہٗ کے حکم و فرمائش پر اس کتاب کو مرتب کیا۔ شاہ صاحب مدظلہٗ، حضرت مولانا عبید اللہ انور رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہیں۔ کتاب کو آٹھ ابواب پر تقسیم کیا گیا ہے۔ چہار رنگے خوبصورت ٹائٹل سے مزین ہے۔ کتاب میں مولانا عبید اللہ انور کا فقر، استقامت، تقویٰ، سیاست، ذہانت، توکل، اخلاق و عادات، سخاوت اور آپ کے شب و روز محفوظ کر دیے گئے ہیں۔ مولانا عبید اللہ انور ایک ہمہ جہت اور بھر پور شخصیت تھے۔ مولانا کی شخصیت پر ایک بھر پور کتاب کی ضرورت ابھی باقی ہے۔ تاہم مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی کی یہ مخلصانہ کوشش قابلِ تحسین ہے۔

● **نام کتاب:** اشاریہ ماہنامہ ''الرحیم'' ''الولی'' حیدر آباد (جون ۱۹۶۳ء تا جون ۲۰۰۷ء)

مرتب: محمد شاہد حنیف قیمت: ۴۰۰ روپے صفحات: ۲۱۴

ہر چیز کی ترقی کے ساتھ ساتھ ہر موضوع پر اس قدر لٹریچر شائع ہو رہا ہے کہ سب کا احاطہ کرنا مشکل کام ہے۔ ان حالات میں کتب یا رسائل کی اتنی بڑی تعداد میں خاص موضوع تک رسائی اس سے بھی زیادہ مشکل امر ہے۔ اسی مشکل کو حل کرنے کے لئے محققین نے ان کے اشاریے تیار کرنے کا فن ایجاد کیا ہے۔ جس کی مدد سے ہم اپنے مطلوبہ موضوع تک رسائی کر سکتے ہیں۔ ماہنامہ ''الرحیم الولی'' کا مشترکہ اشاریہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ اشاریہ بھی جناب شاہد حنیف کا تیار کردہ ہے۔ اس میں جون ۱۹۶۳ء سے لے کر جون ۲۰۰۷ء تک شائع ہونے ''الرحیم'' اور ''الولی'' کے شمارے شامل کیے گئے ہیں۔ اس اشاریے سے علامہ غلام مصطفےٰ قاسمی سے وابستہ موضوعات پر تحقیق کرنے میں بہت مدد ملے گی۔

● **نام کتاب:** آسمانی صحائف اور قرآن کریم مؤلف: مشتاق احمد قریشی (مبصر: مولوی اخلاق احمد)

ضخامت: ۵۱۲ صفحات قیمت: ۵۰۰ روپے

ناشر: نئے افق پبلی کیشنز۔ ۷ فرید چیمبرز عبد اللہ ہارون روڈ کراچی 021-35620771-0300-8264242

دستور العمل اور ضابطہ حیات کے اعتبار سے اسلام جتنا مالا مال اور امیر ہے اتنا دنیا کا کوئی اور دین یا مذہب نہیں کیونکہ اسلام کا دستورِ حیات ''حفاظتِ خداوندی'' کے سخت پہرے میں ہے جبکہ دیگر مذاہب کے دستور یا قانونی کتابیں